# اطلاع سالانہ اجلاسِ عام

JAUHARABAD
Sugar Mills Limited

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ (''کمپنی'') کے ممبران کا **56** واں سالانہ اجلاسِ عام بروز منگل **28** جنوری **2025**ء کو صبح **11:00** بجے، رجسٹرڈ دفتر **125-B**، قائدِ اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

**عام امور :**

**1**۔**30** ستمبر **2024**ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے نظرثانی شدہ سالانہ مالی حسابات معہ ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا۔

**2**۔**30** ستمبر **2025**ء کو ختم ہونے والے اگلے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے صلہء خدمت کا تعین کرنا۔ میسرز یو ایچ وائی حسن نعیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، نے اہل ہونے کی بناء پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنے آپ کو پیش کیا ہے۔

**3**۔ صاحب صدر کی اجازت سے کسی دیگر امر پر کارروائی کرنا۔

**بحکم بورڈ**

الیوسف

**کمپنی سیکرٹری**

لاہور

مورخہ: **06** جنوری **2025**ء

**نوٹ**:۔

**1**۔ **30** ستمبر **2024** کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ نظرثانی شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور اس پر چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ **www.jsml.com.pk** پر رکھی گئی ہے، جو کہ درج ذیل **QR** کوڈ اور ویب لنک سے ڈاؤن لوڈ/ ملاحظہ کی جا سکتی ہے:

| کوڈ QR | ویب لنک |
| --- | --- |
| | https://www.jsml.com.pk/index.php/financial-reports/ |

**7**۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل کارپوریٹ ممبران کو اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے ہاں اپنے نیشنل ٹیکس نمبر **(NTN)** اپ ڈیٹ رکھنے چاہئیں جبکہ کارپوریٹ مادی ممبران کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کرنی چاہئیں۔

**8**۔ کمپنیز ایکٹ **2017**ء کی دفعہ **244** کے تحت ضروری ہے کہ کوئی شیئرز/ مضاربہ سرٹیفکیٹس/ ڈیویڈینڈ جو تین سالوں (یا زیادہ) کی مدت کیلئے غیر دعویٰ شدہ رہے ہوں وفاقی حکومت کو پہنچائے جائیں۔ قانون کے مطابق کمپنی کیلئے ضروری ہے کہ اگر حصص داران کو نوٹسز دینے کے بعد کمپنی کے ہاں کوئی دعویٰ نہ کیا جائے تو غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رقم فیڈرل حکومت کے ہاں جمع کرائی جائے۔ لہٰذا تمام حصص داران جو کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈینڈ یا حصص دعویٰ نہیں کر سکتے تھے کو نوٹس ہذا کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے کہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ یا پینڈنگ حصص/ مضاربہ سرٹیفکیٹس، اگر کوئی ہوں فی الفور حاصل کرنے / کے بارے تفتیش کیلئے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

**9**۔ بمطابق نوٹیفکیشن **PSX/N-92** مورخہ **28** جنوری **2019** پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی طرف سے ضروری جوہرآباد شوگر ملز لمیٹڈ کا کارپوریٹ اینالسٹ بریفنگ سیشن بھی بروز منگل **28** جنوری **2025** کو **AGM** کی تکمیل کے فوراً بعد رجسٹرڈ دفتر **125-B**، قائد اعظم انڈسٹریل اسٹیٹ، کوٹ لکھپت، لاہور میں منعقد ہوگا جس میں **30** ستمبر **2024** کو ختم ہونے والے سال کی کارکردگی اور نتائج کی وضاحت کی ذیل کے مطابق کوائف فراہم کر کے مورخہ **25** جنوری **2025** شام **5:00** بجے تک **secretary@jsml.com.pk**

پر اپنی رجسٹریشن ارسال کریں:

| نام | CNIC | فولیو نمبر (اگر کوئی ہو) | رابطہ نمبر | ای میل |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**10**۔ سالانہ مالی حسابات کی بذریعہ ای میل ترسیل

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بروئے **SRO 787(1)/2014** مورخہ **8** ستمبر **2014** کمپنیوں کو سالانہ بیلنس شیٹ، نفع و نقصان اکاؤنٹ، آڈیٹرز، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ معہ اطلاع سالانہ اجلاس عام اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل جاری کرنے کی اجازت دی ہے۔ ارکان جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریسز فراہم کر دیئے ہیں کو بذریعہ ای میل ارسال کئے جا رہے ہیں۔ ارکان جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریسز فراہم نہیں کئے اور اس سہولت سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، کمپنی کو اپنی رضامندی بمعہ ای میل ایڈریسز ارسال کریں۔ سالانہ نظر ثانہ شدہ حسابات کی ہارڈ کاپیاں مطالبہ پر فراہم کی جائیں گی۔

**11**۔ کمپنیز ایکٹ **2017**ء کی دفعہ **(2)132** کے مطابق، اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع پر سکونتی مجموعی **10%** یا زیادہ شیئر ہولڈنگ کے مالک ممبران سے اجلاس میں بذریعہ وڈیو کانفرنس شرکت کیلئے رضامندی **AGM** کی تاریخ سے کم از کم **7** یوم قبل وصول ہوئی تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی۔ کمپنی ایسے حصص داران کو ایسی سہولت تک رسائی کے قابل بنانے کے لئے وڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کی بابت معلومات سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم **5** یوم قبل مطلع کرے گی۔

**12**۔ مادی حصص کا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں ڈیپازٹ کمپنیز ایکٹ **2017** کی دفعہ **72** کے مطابق، کمپنی کو اپنے مادی حصص بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے کمپنیز ایکٹ **2017** کی دفعہ **72** کی پروویژن کی تعمیل یقینی بنانے اور بک انٹری فارم میں حصص رکھنے کی سہولت کا فائدہ اُٹھانے کے لئے، ایسے تمام ارکان/ حصص داران جو ابھی بھی مادی شکل میں حصص رکھتے ہیں کو اپنے حصص بک انٹری شکل میں تبدیل کرنا ضروری ہیں۔

**13**۔ کمپنی نے **AGM** کا نوٹس انگریزی اور اردو زبانوں میں پراکسی فارم کے ساتھ اپنی ویب سائٹ **www.js ml.com.pk** پر رکھ دیا ہے۔